فوری ریلیز کے لیے: 13/1/2023 **_KATHY HOCHUL گورنر_**

گورنر HOCHUL کی جانب سے آپریشن کے پہلے ہی سال ریاست نیو یارک کے لیے بذریعہ موبائل سپورٹس ویجرنگ 909$ ملین کی آمدنی کے حصول کا اعلان

ٹیکس محصولات کے ذریعے تعلیم، یوتھ سپورٹس پروگرامنگ اور باعثِ مسئلہ جوابازی کی روک تھام کے علاج اور بحالی کی خدمات کے لیے فنڈنگ فراہم کی جاتی ہے

ریاست نیو یارک میں آپریشن کے پہلے ہی سال 16$ بلین سے زائد رقم کی سپورٹس ویجرنگ کی گئی

ریاست نیو یارک میں موبائل سپورٹس ویجرنگ کا ایک سال مکمل ہونے پر، گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا ہے کہ ریاست نے اس قسم کی شرط بازیوں پر ٹیکسوں کی مد میں، ملکی شعبوں میں رہنما 709.2$ ملین سے زائد کی رقم وصول کی ہے۔ لائسنسنگ فیسوں میں اضافی 200$ ملین بھی وصول کیے گئے ہیں، جس سے محصولات کی مد میں مجموعی طور پر 909$ ملین کی رقم وصول ہوئی ہے، اور اس کا بیشتر حصہ شعبۂ تعلیم میں صرف کیا جائے گا۔

"صرف ایک سال کے اندر، نیو یارک لاکھوں افراد کے لیے ذمہ دارانہ تفریح کی فراہمی میں قومی رہنما کی حیثیت حاصل کر چکا ہے، ساتھ ہی ساتھ اس نے شعبۂ تعلیم، یوتھ سپورٹس، اور باعثِ مسئلہ جوابازی کی روک تھام کے لیے ریکارڈ شکن محصولات کا اضافہ کیا ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "میں موبائل سپورٹس ویجرنگ کے اعلیٰ سطح کے ایسے تجربات کی فراہمی کے ایک اور سال کی آمد کی متمنی ہوں جن سے ریاست بھر میں نیو یارک کے باشندگان کی زندگیاں مزید پُرلطف بنانے کے لیے محصولات فراہم ہوں گے۔"

ریاست نیویارک گیمنگ کمیشن کے چیئرمین Brian O'Dwyer نے کہا، "گورنر Hochul کی قیادت اور گیمنگ کی کارگر اور ذمہ دارانہ پالیسیوں کے نفاذ کی بدولت، نیو یارک محصولات اور ویجرنگ کے ریکارڈز کو توڑنے کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہے۔ چونکہ ہم ریاست نیو یارک میں موبائل سپورٹس ویجرنگ کے دوسرے سال میں داخل ہو رہے ہیں، لہٰذا گیمنگ کمیشن شرط بازی کے اس عمل کے محفوظ اور ذمہ دارانہ انداز میں انجام پانے کو یقینی بنانے کا عمل جاری رکھے گا۔"

ریاست نیو یارک نشہ آوری سے متعلق خدمات اور معاونتوں کے دفتر کی کمشنر Chinazo Cunningham نے کہا، "OASAS ذمہ دارانہ جوابازی سے متعلق عوام کو آگہی دینے اور وسائل کے ضرورت مند افراد کو ان (وسائل) کی فراہمی کے حوالے سے گیمنگ کمیشن کے ساتھ جاری شراکت داری کا معترف ہے۔ حاصل کردہ اضافی محصولات اس امر کو یقینی بنانے میں مدد دیں گے کہ ہمارے پاس پروگراموں اور خدمات کا ایک ایسا مضبوط و مستحکم نظام موجود ہے جن سے ریاست بھر کے افراد، خاندانوں اور کمیونٹیز کی ضروریات کی تکمیل ہوتی ہے۔"

ریاستی سینیٹر Joseph P. Addabbo, Jr. کا کہنا تھا کہ، "محض 9 پیشہ ور آپریٹرز کے ذریعے، نیو یارک میں موبائل سپورٹس بیٹنگ (شرط بازی) کے لیے پہلا سال نہایت شاندار ریکارڈ قائم کرنے والا سال رہا ہے! میں ریاست میں موجود ان دیگران کے ساتھ شمولیت پر شکرگزار ہوں، جو ایک ایسی پراڈکٹ کو سامنے لا رہے ہیں، جس کے نیو یارک کے باشندگان مستحق ہیں اور میں اپنی معیشت کے لیے اس کے نمایاں فوائد کو سراہتا ہوں، جو کہ شعبۂ

تعلیم، یوتھ سپورٹس اور نشہ آوری کے پروگرام کے لیے فنڈنگ کے علاوہ ہیں۔ میں امید افزائی کے اس ویژن کے ساتھ منتظر ہوں کہ گورنر Hochul کی انتظامیہ، گیمنگ کمیشن اور مجلسِ قانون ساز میں موجود میرے رفقائے کار کی پیشہ ورانہ کوششوں کے ذریعے، نیو یارک کے باشندگان اپنی ریاست سے آئندہ کئی سالوں تک، اس اعلیٰ سطح کے مسابقتی میدان میں، بہترین موبائل سپورٹس بیٹنگ کی فراہمی کو جاری رکھنے کی توقع رکھ سکتے ہیں۔"

رکن اسمبلی Gary Pretlow نے کہا، "موبائل سپورٹس بیٹنگ کے ذریعے تعلیم، یوتھ سپورٹس، اور باعثِ مسئلہ جوابازی جیسے ناگزیر پروگراموں سے متعلقہ خدمات کے لیے محض ایک سال کے اندر ٹیکسوں کی مد میں 709$ کی رقم کمائی جا چکی ہے۔ یہ محض آغاز ہے اور میں موبائل سپورٹس بیٹنگ کے ذریعے آئندہ سالوں میں مزید محصولات کے حصول کا متمنی ہوں۔"

جغرافیائی مقام کے تقاضوں کو یقینی بنانے کی خاطر سپورٹس بُکس کی جانب سے استعمال کی جانے والی سافٹ ویئر فرم، GeoComply کے مطابق، جنوری 2022 میں آغاز سے اب تک 3.8 ملین سے زائد یونیک پلیئر اکاؤنٹس تخلیق کیے جا چکے ہیں، جن سے 1.2 ملین سے زائد ٹرانزیکشنز انجام دی گئی ہیں۔

ریاست نیو یارک میں موبائل سپورٹس ویجرنگ کا ایک سال گزشتہ اتوار، 8 جنوری 2023 کو مکمل ہوا۔ 7 جنوری تک، کُل موبائل سپورٹس ویجرنگ کے ذریعے 16,595,732,482$ تک کا کام ہوا اور شعبۂ تعلیم کے لیے 709,247,358$ کے کُل صافی محصولات حاصل کیے گئے۔

مالی سال 2023 (1 اپریل 2022 تا 31 مارچ 2023) اور اس کے بعد سالانہ بنیاد پر، موبائل اسپورٹس ویجرنگ سے محصولات کو حسبِ ذیل تقسیم کیا گیا ہے: پسماندگی سے دوچار نوجوانوں کے لیے سپورٹس پروگرام کو فنڈ کرنے کی خاطر 5$ ملین کی رقم، باعثِ مسئلہ جوابازی کی آگاہی و علاج کو فنڈ کرنے کے لیے 6$ ملین کی رقم، اور باقی ماندہ کثیر رقم تعلیمی امداد کی مد میں مختص کی گئی ہے۔

ہر جمعے کو، NYS گیمنگ کمیشن اپنے تمام تر آپریٹرز کی جانب سے ہفتہ وار موبائل سپورٹس ویجرنگ رپورٹس یہاں آن لائن شائع کرتا ہے۔

کمیشن کے ضوابط آپریٹرز سے تقاضا کرتے ہیں کہ وہ کم عمر افراد کی گیمنگ کی روک تھام کریں، بیٹ لگانے والوں کو صرف کی حدود عائد کرنے کی سہولت فراہم کریں، اور جوا بازی کے خطرات اور باعثِ مسئلہ جوا بازی کی نشانیوں سے متعلق معلومات شیئر کریں۔ نیویارک کے وہ باشندے جو جوا بازی کے مسئلے سے نبردآزما ہیں یا جوا بازی کے مسئلے سے دوچار کسی دوسرے فرد کو جانتے ہیں تو وہ ریاست کی ٹول فری، خفیہ HOPEline کو1-877-8-HOPENY (1-877-846-7369) پر کال یا (467369) HOPENY پر پیغام بھیج سکتے ہیں۔ نیو یارک کے باشندگان علاقائی وسیلہ جاتی مرکز برائے باعثِ مسئلہ جوابازی (Regional Problem Gambling Resource Center) سے درج ذیل پر بھی رابطہ کر سکتے ہیں: https://nyproblemgamblinghelp.org/۔

###